سوال

(447) برائی کے بدلے برائی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک ملازم نےاپنے رفیق کار کے بارے میں جھوٹ بولااوراس کی چغلی کر کے اسے نقصان پہنچایا تواس نے بھی اس کے ساتھ اسی طرح کا سلوک کیااور جواب میں اسے بھی نقصان پہنچادیا تواس صورت حال کے بارے میں کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان دونوں میں سے ہر ایک نے بہت برا کیا ہے ۔ دونوں میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ وہ اپنے ساتھی سے اس ظلم کی معافی مانگے اوراگر وہ ایسا نہ کرے تو پھر اللہ تعالی ہی روز قیامت اپنے بندوں کے مابین فیصلہ فرمائے گا۔ان دونوں میں سے ہر ایک کےلیے واجب ہے کہ وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے حضور فوراً توبہ کرے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص341

محدث فتویٰ